© rasailojaraid.com



مولانا محمد ابراہیم فانی

# تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : سوانح شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ مرتب : مولانا عبدالقیوم حقانی
ضخامت : ۳۲۰ صفحات قیمت : درج نہیں
ناشر : القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرۃ خالق آباد نوشہرہ۔

---

بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ جن کا سانحہ ارتحال ۷ ستمبر ۱۹۸۸ء کو پیش آیا تھا آپ کی وفات کے بعد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی زیر نگرانی ماہنامہ الحق کا ایک ضخیم نمبر (تقریباً ۱۲۰۰ صفحات پر) شائع ہوا۔ جس میں حضرت الشیخؒ کے سوانح حیات کے ساتھ ساتھ دارالعلوم حقانیہ کی تاریخ اس کے ارتقائی مراحل پر بھی سیر حاصل مواد موجود ہے اور یہ نمبر نہ صرف ایک تحقیقی اور حوالہ جاتی حیثیت کا حامل ہے بلکہ یہ حضرت مولانا کے متعلق ایک دائرۃ المعارف اور ایک پر از معلومات انسائیکلوپیڈیا ہے چونکہ اپنی ضخامت کے اعتبار سے یہ نمبر انتہائی غیر معمولی ہے جس سے استفادہ کرنا ہر کسی کے لئے آسان نہ تھا۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس کی تلخیص ہو جائے تاکہ اس سے استفادہ میں کسی دقت اور دشواری کا سامنا نہ ہو۔ چنانچہ اس اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مولانا عبدالقیوم صاحب حقانی نے اس عظیم نمبر سے انتخاب کر کے یہ مرقع عقیدت تیار کیا ہے۔

یہ کتاب ۲۴ ابواب پر مشتمل ہے جس میں حضرت شیخ الحدیثؒ کے عہد طفولیت سے لے کر تا دم واپسیں کے تمام حالات وواقعات آپ کے امتیازات و خصوصیات علمی و دینی خدمات درس و تدریس افادہ، استفادہ نظریہ تعلیم و تربیت ذوق علم و شوق مطالعہ پسندیدہ اشعار، اخلاق و معمولات ذوق عبادت و انابت تقویٰ و خشیت الٰہی زہد و تواضع و فنائیت مخلوق خدا پر شفقت علم پروری اصاغر نوازی فیاضی وایثار جود وسخا وجاہت و محبوبیت خاص منامی و بشارات کرامات و غیبی نصرت عشق رسولؐ سوز و گداز، محبت و اتباع سنت دعوت و تبلیغ وعظ و خطبات مکتوبات محدثانہ جلالت قدر فقہی بصیرت و حکیمانہ انداز کارزار سیاست میں قدم دینی جذبہ شوق جہاد و جذبہ شہادت استغناء و سلاطین سے بے نیازی اور اسی طرح سینکڑوں عنوانات پر مشتمل گویا مژدہ قلوب کیلئے ایک نسخہ کیمیاء اور اکسیر شفاء ہے۔ کتاب کی ترتیب و تبویب اور طباعت و جلد بندی انتہائی سلیقہ سے کی گئی ہے جس سے اس کے ظاہری حسن میں انتہائی نکھار پیدا ہوگیا ہے عقیدت مندان اور پرستاران حضرت شیخ الحدیثؒ کے لئے یہ ایک بے نظیر



© rasailojaraid.com